روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 5 مارچ 2008ء 26 صفر 1429 ہجری 5 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 52

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جاننا چاہئے کہ عالم آخرت درحقیقت دنیوی عالم کا ایک عکس ہے اور جو کچھ دنیا میں روحانی طور پر ایمان اور ایمان کے نتائج اور کفر اور کفر کے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ عالم آخرت میں جسمانی طور پر ظاہر ہو جائیں گے۔ اللہ جلشانہ فرماتا ہے (۔) جو اس جہان میں اندھا ہے، وہ اس جہان میں بھی اندھا ہی ہوگا۔ ہمیں اس تمثیلی وجود سے کچھ تعجب نہیں کرنا چاہئے اور ذرا سوچنا چاہئے کہ کیونکر روحانی امور عالم رویا میں متمثل ہو کر نظر آ جاتے ہیں اور عالم کشف تو اس سے بھی عجیب تر ہے، کہ وجود عدم غیبت حس اور بیداری کے روحانی امور طرح طرح کے جسمانی اشکال میں انہیں آنکھوں سے دکھائی دیتے ہیں۔ جیسا کہ بسا اوقات عین بیداری میں ان روحوں سے ملاقات ہوتی ہے، جو اس دنیا سے گزر چکے ہیں اور وہ اس دنیوی زندگی کے طور پر اپنے اصلی جسم میں اسی دنیا کے کپڑوں میں سے ایک پوشاک پہنے ہوئے نظر آتے ہیں اور باتیں کرتے ہیں۔ اور بسا اوقات ان میں سے مقدس لوگ باذنہ تعالیٰ آئندہ کی خبریں دیتے ہیں اور وہ خبریں مطابق واقعہ نکلتی ہیں۔ بسا اوقات عین بیداری میں ایک شربت یا کسی قسم کا میوہ عالم کشف سے ہاتھ میں آتا ہے اور وہ کھانے میں نہایت لذیذ ہوتا ہے۔ اور ان سب امور میں یہ عاجز خود صاحب تجربہ ہے۔ کشف کی اعلیٰ قسموں میں سے یہ ایک قسم ہے کہ بالکل بیداری میں واقع ہوتی ہے اور یہاں تک اپنے ذاتی تجربہ سے دیکھا گیا ہے کہ ایک شیریں طعام یا کسی قسم کا میوہ یا شربت غیب سے نظر کے سامنے آ گیا ہے اور وہ ایک غیبی ہاتھ سے منہ میں پڑتا جاتا ہے اور زبان کی قوت ذائقہ اس کے لذیذ طعم سے لذت اٹھاتی جاتی ہے اور دوسرے لوگوں سے باتوں کا سلسلہ بھی جاری ہے اور حواس ظاہری بخوبی اپنا اپنا کام دے رہے ہیں۔ اور یہ شربت یا میوہ بھی کھایا جا رہا ہے اور اس کی لذت اور حلاوت بھی ایسی ہی کھلے کھلے طور پر معلوم ہوتی ہے بلکہ وہ لذت اس لذت سے نہایت الطف ہوتی ہے اور یہ ہرگز نہیں کہ وہ وہم ہوتا ہے یا صرف بے بنیاد تخیلات ہوتے ہیں، بلکہ واقعی طور پر وہ خدا جس کی شان بکل خلق علیم ہے۔ ایک قسم کے خلق کا تماشہ دکھا دیتا ہے پس جبکہ اس قسم کے خلق اور پیدائش کا دنیا میں ہی نمونہ دکھائی دیتا ہے اور ہر ایک زمانہ کے عارف اس کے بارے میں گواہی دیتے چلے آئے ہیں، تو پھر وہ تمثلی خلق اور پیدائش جو آخرت میں ہوگی اور میزان اعمال نظر آئے گی اور پل صراط نظر آئے گا اور ایسا ہی بہت سے امور روحانی جسمانی تشکل کے ساتھ نظر آئیں گے۔ اس سے کیوں عقلمند تعجب کرے۔ کیا جس نے یہ سلسلہ تمثلی خلق اور پیدائش کا دنیا میں ہی عارفوں کو دکھا دیا ہے، اس کی قدرت سے یہ بعید ہے کہ وہ آخرت میں بھی دکھا دے، بلکہ ان تمثلات کو عالم آخرت سے نہایت مناسبت ہے، کیونکہ جس حالت میں اس عالم میں جو کمال انقطاع کا تجلی گاہ نہیں ہے۔ یہ تمثلی پیدائش تزکیہ یافتہ لوگوں پر ظاہر ہو جاتی ہے، تو پھر عالم آخرت میں جو اکمل اور اَتم انقطاع کا مقام ہے، کیوں نظر نہ آوے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 43)

حساب لے گا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خواہ تم اسے ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا۔ پھر جسے چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا۔ اور اللہ ہر ایک چیز پر بڑا قادر ہے۔

(البقرہ آیت: 285)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صدسالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 9 مارچ 2008ء کو آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت مند احباب و خواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

جرمن زبان سیکھئے

وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ دارالرحمت وسطی ربوہ کے زیراہتمام جرمن زبان سیکھنے کی کلاس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ کوالیفائیڈ لیڈی ٹیچر اس زبان کا تعارف' ابتدائی بول چال اور ضروری معلومات فراہم کریں گی۔ مڈل تا ایم اے لیول کی واقفات نو اور خواتین جو یہ زبانیں سیکھنا چاہتی ہیں وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی میں جلدا زجلد اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مورخہ 3 تا 6 مارچ 2008ء عصر تا مغرب رجسٹریشن جاری ہے۔ مزید معلومات کیلئے انہی اوقات میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔:0476011966

(انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ)

تعطیلات

طاہر ہومیوپیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ

طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ مورخہ 20 مارچ تا یکم اپریل 2008ء تعمیراتی کام کی وجہ سے بندرہے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

سوموار 10 مارچ 2008ء

1-30 am	خبریں
2-05 am	بستان وقف نو
3-20 am	ایم ٹی اے ٹریول
3-50 am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
4-55 am	سیرت النبیؐ
5-15 am	تلاوت، درس، خبریں
7-10 am	ایم ٹی اے ٹریول
7-40 am	خطبہ جمعہ
8-50 am	عربی سیکھئے
9-10 am	سوال و جواب
10-25 am	سیرت النبیؐ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	فرانسیسی سروس
1-30 pm	تقریر
2-05 pm	فرانسیسی ملاقات
3-05pm	انڈونیشین سروس
4-20 pm	میڈیکل میٹرز
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
5-55 pm	بنگلہ سروس
7-10 pm	خطبہ جمعہ
8-05 pm	گلشن وقف نو
9-15 pm	فرانسیسی ملاقات
10-30 pm	لقاء مع العرب
11-35 pm	عربی سروس

منگل 11 مارچ 2008ء

12-35 am	تقریر
1-30 am	خبریں
2-05 am	طب و صحت
2-40 am	گلشن وقف نو
3-50 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
5-50 am	فرانسیسی سروس
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	خطبہ جمعہ
8-20 am	طب و صحت
9-10 am	فرانسیسی سروس
10-25 am	تقریر
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	سوال و جواب
2-05 pm	کرنٹ افیئرز
3-05 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سندھی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	جلسہ جرمنی
8-05 pm	گلشن وقف نو
9-15 pm	سوال و جواب
10-25 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

بدھ 12 مارچ 2008ء

12-45 am	خبریں
1-40 am	کرنٹ افیئرز
2-35 am	گلشن وقف نو
3-40 am	جلسہ جرمنی
4-30 am	ایم ٹی اے ٹریول
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	عربی سیکھئے
6-50 am	لقاء مع العرب
7-55 am	کرنٹ افیئرز
8-55 am	سوال و جواب
9-55 am	جلسہ جرمنی
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
1-55 pm	سوال و جواب
2-50 pm	انڈونیشین سروس
3-50 pm	سواحیلی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
5-45 pm	بنگلہ دیش
6-45 pm	خطبہ جمعہ
7-55 pm	جلسہ UK
8-35 pm	گلشن وقف نو
9-40 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
10-30 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

جمعرات 13 مارچ 2008ء

12-20 am	سوال و جواب
1-20 am	خبریں
2-00 am	گلشن وقف نو
3-00 am	جلسہ UK
3-50 am	خطبہ جمعہ
5-05 am	تلاوت، ڈاکومنٹری، خبریں
6-15 am	لقاء مع العرب
7-35 am	ہماری کائنات
8-00 am	جزیرہ کی سیر اور تعارف
8-35 am	خطبہ جمعہ
9-50 am	ہوا میں تیرے فضلوں کا منادی
10-25 am	جلسہ UK
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-10 pm	جامعہ UK
1-25 pm	ملاقات
2-40 pm	پشتو سروس
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	خطبہ جمعہ
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-10 pm	ترجمۃ القرآن
8-10 pm	ملاقات
9-10 pm	خطبہ جمعہ
10-30 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم ملک مظفر احمد عارف صاحب کوارٹرز تحریک جدید کرتے ہیں۔

خاکسار کے بڑے بھائی مکرم ملک ناصر احمد صاحب کارکن وکالت مال ثانی تحریک جدید اور محترمہ امۃ الرشید ناصر صاحبہ کارکن فضل عمر ہومیو پیتھک ڈسپنسری وقف جدید کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ایک بیٹی کے بعد مورخہ 20 فروری 2008ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے حاشر احمد عطا فرمایا ہے اور وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل فرمایا ہے نومولود مکرم ملک اللہ بخش صاحب وکالت دیوان تحریک جدید کا پوتا اور مکرم محمد ظفر صاحب دارالنصر غربی اقبال ربوہ کا نواسہ ہے اور حضرت مولوی محمد حسین صاحب سبز پگڑی والے رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت و سلامتی والی لمبی عمر سے نوازے۔ نیک، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم محمد سلیمان صاحب ترکہ مکرم داؤد احمد صاحب)

مکرم محمد سلیمان صاحب نے درخواست دی ہے کہ ہمارے والد مکرم داؤد احمد صاحب وفات پا گئے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 12/17 محلّہ دارالیمن ربوہ برقبہ ایک کنال میں سے صرف دس مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مذکورہ بالا مرحوم کے چاروں بیٹوں میں (بحصہ مساوی) منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل۔

1۔ مکرمہ رضیہ بیگم صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم عرفان احمد صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم رحمٰن احمد صاحب (بیٹا)
4۔ مکرمہ تسلیم کوثر صاحبہ (بیٹی)
5۔ مکرم محمد سلیمان صاحب (بیٹا)
6۔ مکرمہ نسرین کوثر صاحبہ (بیٹی)
7۔ مکرم رضوان احمد دین صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ ترکہ مکرم عبدالعزیز صاحب)

مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم عبدالعزیز صاحب وفات پا گئے ہیں۔ ان کے دو قطعات (تفصیل ذیل) 1۔ قطعہ نمبر 2/22 محلّہ دارالنصر ربوہ برقبہ 15 مرلہ 144 مربع فٹ 2۔ قطعہ نمبر 3/22 محلّہ دارالنصر ربوہ برقبہ 15 مرلہ 39 مربع فٹ الاٹ ہیں۔ یہ قطعات میرے نام منتقل کر دیئے جائیں دیگر ورثاء کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل۔

1۔ مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم منیر احمد دین صاحب (بیٹا)
3۔ مکرمہ نصرت خاں صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرم نصیر احمد دین صاحب (بیٹا)
5۔ مکرمہ طلعت ساقی صاحبہ (بیٹی)
6۔ مکرم عبدالعلی دین صاحب (بیٹا)
7۔ مکرم عبدالولی دین صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

درخواست دعا

محترمہ شازیہ رائے صاحبہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں اور ہسپتال میں داخل ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خاکسار کو جلسہ سالانہ قادیان 2007ء میں

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے کوچہ ہائے قادیاں

جلسہ قادیان دارالامان کی یادیں

شمولیت کا شرف حاصل ہوا مورخہ 26 دسمبر 2007ء کو صبح 5 بجے دارالذکر لاہور پہنچا۔ لاہور کی جماعت نے مہمانوں کے لئے بہترین جملہ انتظامات کئے ہوئے تھے۔ ادائیگی نماز و ناشتہ کے بعد واہگہ بارڈر بذریعہ جماعتی انتظام گئے۔ مہمانوں کے لئے جماعت احمدیہ لاہور کے خدام خدمت کے لئے مستعد تھے۔ گرما گرم کھانا، حلوہ، چائے ہمہ وقت تیار۔ ضروری کارروائی کے بعد 3-25 سہ پہر واہگہ بارڈر سے ہندوستان داخل ہوئے۔ یہاں مجلس خدام الاحمدیہ قادیان شریف کے کارکنان کرام خدمت و رہنمائی کے لئے موجود تھے۔

امیگریشن کارروائی کے بعد جماعتی انتظام کے تحت بس کے ذریعہ قادیان شریف جانا تھا ٹھیک 5 بجے شام بس چلی اور ساڑھے سات بجے منزل مقصود پر پہنچ گئی، فضاء نعرہ ہائے تکبیر سے گونج رہی تھی اسی طرح استقبالیہ نعروں سے مہمانوں کا خیر مقدم کیا جا رہا تھا۔

خاکسار نے کتابوں میں پڑھا تھا اور سلسلہ کے بزرگوں، علماء اور درشن کرنے والوں سے سنا تھا کہ قادیان کے فلاں فلاں مقامات عالیہ ہیں جن کو حضرت مسیح موعود، خلفاء عظام اور بزرگ ہستیوں نے برکت بخشی ہے۔ ایسا پڑھ اور سن کر خاکسار کے دل میں ایک حسرت اور ارمان امنگیں لیا کرتا تھا، مقامات مقدسہ کی زیارت کے لئے دل مچل مچل جایا کرتا تھا، قادیان شریف کے جلسہ ہائے سالانہ سے مالا مال ہو کر لوٹنے والے جب حالات و واقعات سناتے تو ذہن میں خیالات کے طوفان امڈ آتے کہ کبھی وہ دن آئیں گے جب ہم ان خوش نصیبوں میں شامل ہوں گے جو دارالامان کے نظارے کے لئے جائیں گے خوشا نصیب کہ وہ مبارک ایام آ گئے کہ ہم جیسوں کے بھی وارے نیارے ہو گئے۔

ہم جیسوں کے بھی دید کے سامان ہو گئے
ظاہر ہوا تھا حسن ازل آپ کے لئے

جلسہ سالانہ کے تین دن تھے۔ ہمارا قیام و طعام سرائے طاہر میں تھا۔ انتظامیہ صبح ساڑھے چار بجے اجتماعی نماز تہجد کے لئے بیدار کرتی سوا پانچ بجے نماز تہجد شروع ہو جاتی۔ مہمانان کرام صف در صف باقاعدہ نوافل پڑھتے امام صاحب آخری قیام، رکوع و سجود میں لمبی اور درد بھری دعائیں پڑھتے اس روحانی ماحول کا سماں قابل دید ہوتا لوگوں کی آہیں، سسکیاں اور خدائے واحد و یگانہ کے آگے گریہ و زاری ایک عجیب کیفیت پیدا کر دیتی۔

نئے سال کا استقبال عبادات سے کریں

جلسہ کے آخری روز سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایم۔ٹی۔اے پر براہ راست لندن سے شاملین جلسہ کو خطاب تھا اور اسے ساری دنیا بیک وقت سماعت کر رہی تھی اس میں آپ نے جماعت کو ہدایت کی اس کا ملخص کچھ یوں تھا کہ آج رات بارہ بجے کے بعد نیا سال شروع ہو جائے گا۔ دنیا والے نئے سال کی ابتداء گانے بجانے، ہاہو، کھیل کود اور خدا کی ناراضگی سے کریں گے۔ آپ لوگ نئے سال کا استقبال خدا تعالیٰ کی عبادت سے کریں۔ رات کو استغفار دعاؤں اور عبادت سے سجائیں پھر اس کے بعد کیا ہوا وہی جو امام عالی مقام نے فرمایا، رات کا آخری حصہ تھا اور شاملین جلسہ گرم و نرم بستروں سے الگ ہو کر ٹھنڈے پانی سے باوضو ہو کر سخت ٹھنڈے موسم سرد ہوا اور کورا پڑنے کے باوجود مرد، عورتیں، چھوٹے بڑے بچے بوڑھے قطار اندر قطار مقررہ مقامات پر دوڑے جا رہے تھے، بیوت الذکر خاص کر بیت مبارک، بیت اقصیٰ عبادت کرنے والوں سے چھلک پڑی تھیں اور تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ لوگ اس جاڑے کے موسم میں عبادت کے شوق اور اطاعت امام سے کھلے آسمان تلے بھی اجتماعی تہجد میں شامل تھے انہیں سردی ٹھنڈ اور یخ ہوا اس کار خیر سے نہ روک سکی آج کی رات کا منظر کچھ ایسا تھا کہ وہ الفاظ میں بیان نہ ہو سکے گا یہ لمبے سجدات قیام اور رکوع دربار ربانی میں آہ و بکا کا سلسلہ قابل دیدنی تھا، دنیا والے نئے سال کا استقبال لچر پروگراموں سے کر رہے تھے اور یہ خدا کے عبد مسیحا کی بستی میں اپنے معبود حقیقی کے سامنے سرنگوں تھے۔

ہمارے بھاگ بیدار ہو گئے

خاکسار کے دل میں یہ دیرینہ خواہش تھی کہ وہ گلیاں، مکانات، کمرے صحن اور بازار جہاں حضرت مسیح موعود نے پاکیزہ عمر گزاری، وہ مقامات جہاں آپ نے دعائیں اور مناجات کیں جہاں آپ سے اللہ تعالیٰ نے آئندہ کے لئے بے شمار وعدے فرمائے اور وہ متبرک نشست گاہیں جہاں کئی معجزات نمودار ہوئے اور قیامت تک کے لئے معزز و مکرم ہو گئیں پھر وہ ماحول جس نے 76 برس مسیحا کے قدم چومے وہ جگہیں خدا تعالیٰ کی ابدی رحمتوں برکتوں اور افضال سے اٹی پڑی ہیں ان مقامات مقدسہ کی ضرور قدم بوسی کرنی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے کرم کیا کہ میرے جیسے نالائق و ناتواں کے بھی دن بدلے جو در کسی کے لئے کھلے تھے جو پردے کسی کے لئے ہٹائے گئے تھے ہم ایسوں کے نصیب بھی جاگے اور بھاگ بیدار ہوئے ہمیں بھی درشن ہو گیا اور ہماری دلی مرادیں بر آئیں، دین و دنیا سنور گئی آج ہم جیسے بھی دل و جان سے مارے خوشی کے اچھلنے لگے۔

زہے نصیب کہ دوریاں قربت میں منتقل ہوئیں ہم دیار مسیح میں حاضر ہو گئے کوشش کر کے پاک اور مقدس مقامات میں حاضری دی۔ یہ سارے پاک مقامات ذہن میں نقش اور حاضر ہیں۔

بیت الدعا

یہ بیت مبارک کے شرقی جانب ایک چھوٹا سا کمرہ ہے اندر داخل ہونے کے لئے چند لکڑی کی سیڑھیاں ہیں زائرین کی خاطر بیت الدعا میں عبادت و دعا کے لئے وقت مقرر ہے عشاق آتے جاتے خاموش پرسکون ہو کر قطار میں بیٹھتے جاتے ہیں اور باری آنے پر خوش نصیب اندر چلے جاتے ہیں۔

یہ وہ مقام بالا ہے جہاں جا کر انسان زمین پر نہیں بلکہ عالم بالا میں پہنچ جاتا ہے تصور ہی کچھ اور ہو جاتا ہے، جذبات بے قابو ہو جاتے ہیں آنکھوں میں برسات آ جاتی ہے طبیعت نرم ہو کر روح گداز ہو جاتی ہے اور آستانۂ الوہیت پر گرنے لگتی ہے روح کا رابطہ ملائکہ سے استوار ہو جاتا ہے، بیت الدعا میں گزارے چند منٹ گو مختصر وقت ہوتا ہے مگر اہل دل اور عشاق کے لئے صدیوں برابر ہوتا ہے۔ ہزاروں دعائیں، آرزوئیں، درخواستیں دل پیش کر لیتا ہے اور تمام دکھڑے اپنے دامن سے اٹھا کر رب رحمٰن و رحیم کے آگے پیش کر دیتا ہے اس مقام پر ساری دعائیں شرف قبولیت پاتی دکھائی دیتی ہیں اور دل کو پوری تسلی عطا ہو جاتی ہے کہ ساری دعائیں اپنے اپنے وقت پر پوری ہوتی رہیں گی۔

چل رہی ہے نسیم رحمت کی
جو دعا کیجئے قبول ہے آج

بہشتی مقبرہ

خدا تعالیٰ کی رحمت کے سہارے خاکسار کو بہشتی مقبرہ کے نظارے کا موقع نصیب ہوا قبرستان کا مین گیٹ بڑا کشادہ ہے خدمت پر مامور خدام چوکس کھڑے ہیں اندر داخل ہوتے ہی دل خوشی سے باغ باغ ہو گیا سبزہ ہی سبزہ ہریالی ہی ہریالی، سکون ہی سکون۔

پرانا باغ جس کا ذکر رسالہ الوصیت میں ہے وہ استقبال کے لئے موجود تھا۔ آم کے درخت پوری شان سے نہایت ترتیب سے قطاروں میں اپنی جوانی، رعنائی اور سرسبزی لئے مسکرائے جا رہے تھے۔ حیرانگی ہوئی کہ سو، سوا سو سال پرانے درخت آج بھی ہرے بھرے ہیں۔ روحانی برکات کے ساتھ جسمانی برکات بھی نازل ہو رہی تھیں اپنے پیارے مسیح موعود سے اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا کہ انزل فیھا کل رحمۃ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

بالآخر قسمت اس مقام عالی شان مزار پر انوار حضرت مسیح پاک پر لے آئی جس کے بارے فرشتہ کو زمین ناپتے دیکھا اور حضور کو بتایا گیا کہ یہ چاندی سے زیادہ چمکنے والی قبر آپ کی ہے اور اس کی ساری مٹی چاندی کی ہے۔ آج بھی وہ چاندی کی طرح چمکتی ہے۔ یہ قبر بالکل کچی مٹی کی تھی۔

اس مقدس دربار پر بہار کو دیکھتے ہی جذبات محبت سے مغلوب ہو گیا دعا کرتے کرتے جسم و جان پر کپکپی طاری ہو گئی آنسو تھے کہ تھمتے ہی نہ تھے ہر آنسو کے ساتھ قلبی کثافتیں اور زنگ دھلتے گئے یہاں خاص دعائیں کرنے کے لمحات میسر آ گئے۔ ساری دعائیں، ارمان حسرتیں رب باری تعالیٰ کے سامنے وا کر دیں مزار اقدس پر بڑی لمبی رقت عطا ہوئی۔ پھر صبح و شام کا معمول رہا خاکسار کو سب سے زیادہ قلبی اطمینان اور قرار اسی مزار پر انوار پر حاصل ہوا۔

یہاں پر لوگ کثرت سے تھے مگر کوئی شور شرابہ نہ تھا ہر آدمی درود شریف، دعائیں اور ذکر الٰہی کرتا دکھائی دیا لوگ کئی زبانیں بولنے والے مختلف رنگ و نسل کے تھے مگر سب میں پیار محبت اور انس تھا کوئی دھکم پیل نہ تھی اور نہ ہی کسی کو آگے بڑھنے کی جلدی ہر کوئی اپنی باری پر دعا کرتا روتا اور آنسو صاف کرتا آگے بڑھ جاتا۔

یہاں خاکسار کو مقام ظہور قدرت ثانیہ، مقام بیعت اولیٰ مقام جنازہ حضرت مسیح موعود کی زیارت کرنے کا بھی شرف حاصل ہوا۔ ہر مقام پر ایک الگ قسم کا سرور تھا جسے لوگ جھولیاں بھرتے لئے جا رہے تھے، لئے جا رہے تھے ہر آدمی اپنے آپ کو خوش نصیب ہی تصور کر رہا تھا۔

جی آیانوں

قادیان کے باسیوں سے حال احوال جاننے، تبادلہ کرنے ان کی مجالس میں آنے جانے اور تاثرات حاصل کرنے کے متعدد بار مواقع پیدا ہوئے مقامی سکھوں اور ہندوؤں کے صاحبان علم اور عوام الناس سے برابر ملاقاتیں ہوئیں، کاروباری اور زمیندار حضرات سے بھی رابطہ ہوا، ان کے عبادت خانے تعلیمی ادارہ جات و دفاتر کو دیکھا اور خالص سکھ اور ہندو بازاروں میں بھی جاتے رہے۔

چونکہ ہمارے سینوں پر جلسہ سالانہ میں شمولیت کے اجازت نامہ کے کارڈ آویزاں ہوتے اور ویسے بھی پردیسیوں کے ساتھ ایک انس ہوتا ہے اور دل میں ایک تجسس اٹھکیلیاں لے رہا ہوتا ہے کہ بدیس کے باسیوں سے چار باتیں ہی کر لیں یہ مقامی لوگ اور لوکل باسی بڑی محبت بھری پنجابی زبان میں کہتے جی آیانوں‘

اور ہندی میں اپنے دونوں ہاتھ جوڑ کر کہتے ہم

(باقی صفحہ 5 پر)

مکرم عبدالقدیر قمر صاحب

نیک خصائل اور پاک شمائل شخصیت

مکرم محمد یار صاحب ولد مکرم شیر محمد صاحب

ایک نیک اور بابرکت وجود میاں محمد یار صاحب ولد میاں شیر محمد صاحب سکنہ رحمت کالونی سلانوالی تھے جو 24 ستمبر 2007ء کو اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔ اونچا لمبا قد، بارعب چہرہ، احمدیت کا چلتا پھرتا نمونہ۔ نہایت صلح جو اور صلح کل انسان تھے۔ دعوت الی اللہ ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ دعوت الی اللہ کے لئے 20,20 میل سائیکل پر جاتے اور اندھیروں کو روشنیوں میں بدلنے کی کوشش کرتے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جب جماعت کو دعوت الی اللہ کے میدان کی طرف بلایا تو والہانہ لبیک کہنے والوں کی صف اول میں تھے۔ ان کے ذریعہ بہت سی روحوں کو نور احمدیت سے منور ہونے کی توفیق ملی۔ مطالعہ کا ازحد شوق تھا۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے۔ بچوں کو قرآن مجید پڑھاتے۔ حضرت مسیح موعود کی کتب کا باقاعدگی سے مطالعہ کرتے۔ الفضل روزانہ پڑھتے اور دیگر کتب سلسلہ بھی آپ کے زیر مطالعہ رہتیں۔ جس کے نتیجہ میں آپ کو بیشمار حوالے اور حضرت مسیح موعود کی کتب کے اقتباسات زبانی یاد تھے اور گفتگو کے دوران انتہائی سلیقہ سے ان کا اس طرح استعمال کرتے کہ مخاطب دم بخود رہ جاتا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو رویا و کشوف کی نعمت سے بھی نواز رکھا تھا۔ قبولیت دعا کے فیض سے آپ کا دامن لبریز تھا۔ کئی واقعات سنایا کرتے تھے کہ کس طرح نامساعد اور مشکلات کے وقت خداتعالیٰ نے قبولیت دعا کا نشان دکھا کر اپنی چہرہ نمائی کی اور مشکلات کے بادل چھٹ گئے۔ کوئی مرکزی جلسہ یا پروگرام نہیں چھوڑتے تھے۔ کوشش کر کے شامل ہوتے اور بچوں اور دوستوں کو بھی ساتھ لاتے۔ آپ پر اور آپ کی اولاد پر جماعتی کیس بھی ہوئے۔ کبھی نہیں گھبرائے۔ حوصلہ نہیں ہارا۔ حضرت صاحب کو اطلاع دی اور بے فکر ہو گئے۔ مولا نے سارے کام سنوار دیئے۔ سب مشکلات حل کر دیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو بات کرنے کا سلیقہ عطا فرمایا تھا۔ آپ کے بیٹے عزیز صاحب کا کیس تھا۔ وکیل کا خیال تھا کہ مجسٹریٹ ضمانت نہیں لے گا۔ اندر گئے اور مجسٹریٹ کو جماعت کی صداقت کا بھی بتایا اور کیس کے بارہ میں بھی کہ مخالفوں نے محض مخالفت کی وجہ سے کیا ہے وگرنہ ہمارے یہ عقائد ہیں اور ہمارا جرم بس یہ ہے کہ ہم ایمان رکھتے ہیں کہ مسیح موعود آ چکا ہے مجسٹریٹ نے یہ بات سن کر ضمانت لے لی۔ خداتعالیٰ کی ہستی پر انتہائی یقین اور توکل تھا۔ کہا کرتے تھے یہ کبھی نہیں ہوتا کہ میں اپنے مولیٰ سے دعا مانگوں اور وہ اسے رد کر دے۔

قبول احمدیت سے قبل آپ پیر منور دین صاحب کے مرید تھے اور انہیں سے تعلیم بھی حاصل کرتے تھے۔ ان کی محفل میں امام مہدی کی آمد، زمانہ اور خروج دجال وغیرہ کی باتیں ہوتی رہتی تھیں اور کہا جاتا تھا کہ دجال آ کر سب کچھ تباہ کر دے گا اور سب کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنا لے گا جو اس کی بات نہ مانے گا اس سے زندہ رہنے کا حق چھین لے گا۔ یہ دل میں کہتے اگر دجال آ جائے جو چاہے میرے ساتھ کرے میں تو اپنا دین چھوڑنے والا نہیں۔ جب آپ کی عمر 16,15 سال کی تھی تو پہلی دفعہ آپ کے کانوں نے یہ آواز سنی کہ امام مہدی آ گیا ہے۔ پٹھان ٹھٹھہ رہتے تھے وہاں اناج وغیرہ لینے کے لئے ٹھٹھہ جوئیہ جانے لگے تو آپ کے والد نے کہا وہ لوگ مرزائی ہو گئے ہیں۔ اپنے کام سے کام رکھنا۔ ان کی باتیں نہ سننے لگ جانا کہ گمراہ ہو جاؤ۔ یہ وہاں گئے تو محمد یار صاحب کی بیٹھک میں دیکھا کہ حضرت مولوی محمد حسین صاحب سبز پگڑی والے اور مولانا عباد اللہ گیانی صاحب اور دو تین علماء بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے آپ کو بلایا کہ آؤ ہماری بات سنو۔ پہلے تو انہوں نے سنی ان سنی کر دی۔ مگر ان کا اصرار دیکھ کر ان کے پاس چلے گئے۔ انہوں نے نہایت عمدہ طریق سے آپ کو سمجھایا۔ انہوں نے بہت سے سوال کئے۔ جواب سن کر یقین ہو گیا کہ صحیح اور درست جواب دے رہے ہیں اور دل میں یہ بات کھب گئی کہ یہ سچے لوگ ہیں۔ حکیم صاحب یا کسی مربی صاحب نے آپ کو ''احمدیت کا پیغام'' اور ''ہماری تعلیم'' کتابیں دیں اور کہا گھر جا کر سکون سے ان کا مطالعہ کرو۔ گھر لے کر آئے اور والد صاحب سے کہنے لگے۔ آپ تو ان کو کافر کہتے تھے۔ ان کی تو یہ باتیں ہیں۔ اعلیٰ اخلاق ہیں پاکیزہ گفتگو ہے۔ دلنشیں دلائل ہیں۔ قرآن وحدیث سے باہر گفتگو نہیں کرتے۔ اس پر ان کے والد کہنے لگے اسی لئے میں نے تمہیں ان سے ملنے سے منع کیا تھا۔

بتاتے تھے کہ انہوں نے مجھے ربوہ جلسہ سالانہ پر آنے کی بھی دعوت دی تھی۔ میں نے کہا تھا کہ جب جلسہ ہو تو مجھے بتانا مگر میرے والد صاحب کو پتہ نہ لگے وگرنہ وہ مجھے نہیں آنے دیں گے۔ جب 1953-54ء کے جلسہ کے دن آئے تو والد صاحب کو پتہ لگ گیا کہ میں ربوہ جلسہ پر جا رہا ہوں تو ناراض ہونے لگے۔ آخر میرے اصرار پر کہنے لگے پیر صاحب کے ساتھ جانا اور اگر وہ نہ جائیں تو تم بھی نہ جانا۔ یہ کہنے لگے کہ کیا ہمارے سارے سفروں میں پیر صاحب ہمارے ساتھ جاتے ہیں؟ اس لئے یہاں بھی میں اکیلا ہی جاؤں گا۔ کہنے لگے میں مجروں وغیرہ پر چلا جاتا ہوں اگر ربوہ ہو آؤں تو آخر حرج کیا ہے؟ آپ کا یہ اصرار دیکھ کر آپ کے والد کہنے لگے۔ اچھا! پھر تم نہ جاؤ تمہاری عمر کم ہے میں جاتا ہوں۔ آپ کے والد صاحب ربوہ گئے۔ جلسہ میں شامل ہوئے۔ سارا جلسہ سنا، ربوہ کے گلی بازار چل پھر کر دیکھے۔ لوگوں سے ملے۔ جلسہ کی تقاریر سنیں۔ اہل جلسہ کا اٹھنا بیٹھنا، گفتگو کرنا۔ آپس میں ملنا جلنا دیکھا اور متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ بیعت کر لی اور گروہ عاشقاں میں شامل ہو گئے۔ گھر پہنچے، درثمین ہاتھ میں تھی۔ ہر ایک کو بتاتے پھرتے کہ میں نے ربوہ میں کیا دیکھا کہ میں احمدی ہو گیا۔ حضرت مسیح موعود کی تصویر لے آئے۔ بیٹے نے دیکھتے ہی کہا۔ بابا جی! یہ جھوٹے نہیں ہو سکتے۔ جھوٹوں کا چہرہ ایسے نہیں ہوتا۔ بار بار تصویر کو چومتے۔ محبت سے سینے سے لگاتے اور پھر بیٹے نے بھی نور کی کرنوں سے اپنا سینہ روشن کر لیا۔

احمدیت قبول کرتے ہی مخالفت کا ایک طوفان اٹھا۔ آپ کے کاروبار کو تباہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ گھر جلانے کو تیل کے کنستر لے کر آ گئے۔ خداتعالیٰ نے جانوں کی بھی حفاظت کی۔ مکان بھی بچایا اور کاروبار کو بھی خوب ترقی دی۔ مخالفتوں کے شور میں بھی دعوت الی اللہ کا کام جاری رکھا۔ جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کی نعمت سے نوازا۔ اس وقت ان کا ایک بیٹا عبدالعزیز انصاراللہ ضلع سرگودھا کا مستعد کارکن ہے اور ایک بیٹا محمد اسلم شہزاد معلم وقف جدید ہے۔

دوست دعا کریں اللہ تعالیٰ ان کی اولاد کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ہمیشہ ان کی نصرت و مدد فرمائے اور ان کی کوششوں کو ثمر بار کرے۔

(بقیہ صفحہ 4)

آپ کا ''سواگت'' کرتے ہیں۔ میزبانی کے لئے بااصرار دعوت دیتے حال پوچھتے، سب کی زبانی یہی فقرہ سنا کہ آپ کے گرو جی مہاراج کی ''کرپا'' سے قادیان کا ڈنکا پوری دنیا میں بج رہا ہے۔ بڑے مرزا صاحب نے (مراد حضرت مسیح موعود) ہمارا نام پوری جگت میں اونچا کر دیا ہے۔

چند واقعات

کچھ ایسے واقعات ہیں جو خاکسار نے مشاہدہ کئے ہیں جن سے جماعت کی نیک نامی عیاں ہوتی ہے چند واقعات پیش ہیں۔

ہمارا قیام سرائے طاہر میں تھا تقسیم طعام کے اوقات میں ایک آدمی موجود ہوتا اور تقسیم طعام کے کاموں میں مگن ہوتا خاکسار کو کسی نے بتایا یہ لوکل ہندو ہے۔ اس سے تعارف سے علم ہوا کہ اس کا نام ''اشوک کمار'' ہے قادیان شریف کا باسی ہے 50 سال عمر ہے، صاحب اولاد ہے خاکسار نے پوچھا کہ آپ جلسہ والوں سے یومیہ کتنی اجرت لیتے ہیں۔ کہنے لگے اجرت! کیا مطلب؟ بھگوان کے مہمانوں کی سیوا اور اجرت کی طلبی یہ تو بڑا پاپ ہو گا، آپ لوگ صرف گورو جی خلیفہ صاحب کے ہی مہمان نہیں ہمارے بھی مہمان ہیں۔ ہم آپ کی سیوا اپنا فرض جانتے اور مانتے ہیں۔ ہمیں آپ کے مہا خلیفہ جی نے بتایا ہے کہ ہمارا دھرم بھائی چارہ خدمت خلق کے سبق دیتا ہے، ہمارے اوپر آپ کی جماعت قادیان کے بے شمار احسانات ہیں یہ ہم کبھی نہ چکا سکیں گے، اشارہ کر کے کہنے لگا دیکھو جی وہ سامنے دکان ہے وہ ہمارے ہندو برادری کے ایک آدمی کی ہے گزشتہ دنوں ان کی ایک بڑی عمر کی خاتون وفات پا گئی تھی ان کے غم میں شریک ہونے کے لئے ہماری برادری سے پہلے احمدی احباب آ موجود ہوئے سارے انتظامات کو سنبھال لیا۔ ہمارے سوگیوں کی سیوا اور دلجوئی کی۔ جب خاتون کی میت اٹھی تو اس میں تین صد ہندو اور سکھ تھے جبکہ پانچ، چھ صد احمدی تھے جو شریک غم تھے اور بعد میں ہمارے غم میں شریک ہونے کے لئے آپ کے بڑے لوگ بھی آتے رہے۔ اب آپ ہی ہمیں بتائیں کہ مہاراج خلیفہ جی کے مہمانوں کی سیوا کر کے اجرت مانگیں؟ نہیں ایسا نہ ہو گا خاکسار قیام کے ایام میں دیکھتا رہا کہ اتنی سخت سردی میں اشوک کمار موجود ہوتا اور لگاتار مسلسل کاموں میں مگن ہوتا۔ اس طرح کے اور بھی سینکڑوں اشوک کمار ہوں گے جو بلا معاوضہ خدمت پر شاداں وفرحاں ہوں گے۔

ایک سکھ تاجر نے گری ہوئی نقدی اٹھا کر دی

دوسرا واقعہ خاکسار نے ہندو مارکیٹ میں سر بازار دیکھا۔ جیسا کہ جلسہ کے ایام میں بازاروں میں بے تحاشہ رش ہوتا ہے مخلوق اتنی ہوتی ہے کہ گلیوں میں پاؤں دھرنے کی جگہ نہیں ہوتی کچھ ایسا ہی منظر تھا ہوا یوں کہ ایک پاکستانی احمدی بزرگ خریداری کے بعد ہاتھ میں سامان اٹھائے چلتے آ رہے تھے انہوں نے جیب میں کچھ نکالنے یا ڈالنے کے لئے ہاتھ داخل کیا اور جب نکالا تو جیب سے کچھ نقدی زمین پر آ گری ان صاحب کو اس کا کچھ بھی علم نہ تھا۔ ایک سکھ تاجر دکان پر بیٹھا یہ نظارہ دیکھ رہا تھا وہ دکان سے اٹھا اور رش سے نقدی اٹھائی اور بلند آواز سے پکارنے لگا بھائی صاحب، بھائی صاحب، آپ کی نقدی، آپ کی نقدی وہ صاحب بے خیالی سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھے۔ پیچھے سے دوڑ کر اس سکھ تاجر نے وہ نقدی ان کو دی اور کہا آپ کو بعد میں پریشانی کا سامنا ہوتا۔ جب انہوں نے شکریہ ادا کیا تو سکھ تاجر کہنے لگا دیکھو جی آپ ہمارے پڑوسی بھی ہیں۔ مہمان بھی ہیں اور ہماری اس بستی میں ایک نیک مقصد کے لئے آئے ہوئے ہیں شکریہ ادا کر کے شرمندہ نہ کریں۔

یہ واقعہ ہمیشہ یاد رہے گا کہ قادیان کے احمدیوں کا نیک اثر مقامی سکھ اور ہندوؤں پر یکساں نظر آ رہا ہے وگرنہ اس مادی دور میں اتنی ہمدردی ایک غیر مذہب کا آدمی ایک غیر ملکی سے کس طرح کر سکتا ہے۔

تعارف

احمدی جنتری 2008ء

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی نمبر

نام: احمدی جنتری
مرتب کردہ: فخر الحق شمس صاحب
ناشر: یامین پبلیکیشنز
صفحات: 132
قیمت: 40روپے

احمدی جنتری کو محترم میاں محمد یامین صاحب نے 1918ء میں قادیان سے جاری کیا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے دو بیٹے پہلے قادیان اور پھر ربوہ سے اس کو شائع کرتے رہے۔ 1999ء سے ان کے پوتے مکرم فخر الحق شمس صاحب اس کو شائع کر رہے ہیں۔ اس طرح یہ مسلسل 91 سال سے شائع ہو رہی ہے۔

اس جنتری میں آغاز سے ہی حضرت مسیح موعود اور خلفائے احمدیت کی تحریرات اور منظوم کلام کا انتخاب شائع ہوتا رہا ہے۔ اس کے علاوہ اخلاقی تربیتی، علمی، ادبی اور دعوت الی اللہ کی مفید معلومات پر مبنی خوبصورت تحریریں اس کی زینت میں اضافہ کرتی رہی ہیں۔

2008ء خلافت جوبلی کا سال ہے۔ اس کی مناسبت سے اس کو بھی خلافت جوبلی کے سال کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ اس کی ضخامت بڑھائی گئی ہے۔ اس کے ٹائٹل پیج پر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء تا 2008ء کا دیدہ زیب مونوگرام شائع کیا گیا ہے اور قدرت ثانیہ کی پیشگوئی، اس کے قیام کے عظیم مقاصد، قدرت ثانیہ کے مظاہر کی مطہر زندگی کے مختصر سوانحی خاکے، خلفاء کی علمی تحریرات اور ان کے اخلاق حسنہ پر مشتمل واقعات میں سے بہترین انتخاب بھی شامل اشاعت ہے۔

خلافت کے موضوع پر نظمیں، بزرگوں کے تاثرات، خلافت کی اہمیت و برکات، خلفاء کی قبولیت دعا کے معجزانہ نشانات کا گلدستہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

2008ء کے عیسوی، اسلامی ہجری، ہجری شمسی اور بکرمی کیلنڈر کے ساتھ ساتھ ربوہ کے طلوع و غروب کے اوقات بھی درج کئے گئے ہیں۔

قدرت ثانیہ کے متعلق حضرت مسیح موعود نے ایک سو سال قبل عظیم الشان خوشخبری دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ

''تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے۔ کیونکہ وہ دائمی ہے۔ جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ (رسالہ الوصیت)

آج دنیا کے 189 ممالک میں پھیلے ہوئے کروڑوں احمدی اس بات پر گواہ ہیں کہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار صادق خدا ہے اور اس نے محض اپنے فضل سے اس وعدہ کو پورا کیا ہے اور آئندہ بھی کرے گا۔ یہ خدا کا ہی فضل و کرم ہے کہ 100 سال سے جماعت احمدیہ اس عظیم الشان آسمانی ادارہ کی برکات سے فیضیاب ہو رہی ہے اور اس کی ضیاء پاشیوں سے ایک عالم بقعۂ نور بن چکا ہے۔ قلوب و اذہان میں زبردست انقلاب آ رہا ہے۔ ہر سال لوگ فوج در فوج احمدیت کے جھنڈے تلے جمع ہو رہے ہیں۔ احمدی چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیل گئے ہیں کہ دنیائے احمدیت پر اب سورج غروب ہی نہیں ہو سکتا۔ ایم ٹی اے پر آنے والا خلیفہ وقت کا خطبہ جمعہ صبح دوپہر سہ پہر شام اور رات کے ہر وقت میں شمع ہدایت بن کر اس طرح نور کی کرنیں بکھیر رہا ہوتا ہے کہ دن کا کوئی بھی حصہ اس کی برکت سے خالی نہیں ہوتا۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اس نعمت عظمیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنی گردنیں خدا کی رضا کے سامنے جھکاتے ہوئے اسی سے دعائیں مانگتے ہوئے اور توفیق مانگتے ہوئے نیک اعمال بجا لاتے رہیں۔ ہمارے دل خدا کی حمد کے ترانے گا رہے ہوں اور یہ پختہ عزم رکھتے ہوں کہ ہمیشہ استقلال کے ساتھ اطاعت کے اعلیٰ نمونے دکھاتے ہوئے خود بھی اور آئندہ نسلوں کو خلافت کے حصن حصین سے وابستہ کر دیں۔ خدا ہمیں اس کی توفیق بخشے۔ (آمین)

ربوہ میں یہ جنتری افضل برادرز، شکور بھائی اور ظفر بکڈپو پر دستیاب ہے۔ اس خوبصورت جنتری کو شائع کرنے اور قیمتی معلومات لوگوں تک پہنچانے پر دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان سب کو اجر عظیم بخشے جن کے ہاتھوں یہ کام انجام پذیر ہوا اور خدا اس کوشش کو قبول فرمائے۔

(ایم۔ آر۔ طاہر)

گلیکسی کی دریافت

عبدالرحمٰن الصوفی (98-903ء ایران) پہلا عالمی ماہر افلاک تھا جس نے 964ء میں اینڈرومیڈا گلیکسی (Andromeda Galaxy M31) کو دریافت کیا تھا۔ ہمارے نظام شمسی سے باہر کسی اور سٹار سسٹم کے ہونے کا یہ پہلا تحریری ثبوت تھا جس کا ذکر اس نے اپنی تصنیف کتاب الکواکب الثابت المصور (Book of Fixed Stars) میں کیا۔ یہی کہکشاں سات سو سال بعد جرمن ہیئت دان سائمن (Simon Marius d1624) نے دسمبر 1612ء میں ٹیلی سکوپ کی مدد سے دریافت کی تھی۔

ماخوذ

پھل، سبزیاں اور حیاتین ج کی اہمیت

روزانہ ایک سیب کھا لیجئے تو قبل از وقت موت کا خطرہ بیس فیصد کم ہو جائے گا۔ اگر اس میں روزانہ ایک کیلے اور سنگترے کا اضافہ کر دیجئے تو یہ خطرہ آدھا رہ جائے گا۔ جدید تحقیق کے مطابق سائنسدانوں کا کہنا ہے جو لوگ پھل اور سبزیاں خوب کھاتے ہیں ان کے کسی مرض سے جلد مرنے کا امکان ان لوگوں کی نسبت آدھا رہ جاتا ہے جو بہت ہی کم پھل اور سبزیاں کھاتے ہیں۔

کیمبرج کے سائنسدانوں نے برطانیہ کے شہر نارفک میں یہ تحقیق کی اور حال ہی میں اسے رسالہ ''لین سیٹ'' نے شائع کیا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ غذا میں اس معمولی تبدیلی سے ہمیں کس قدر فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اس تحقیق کے بعد پھلوں کے فوائد بہت بیان کئے گئے ہیں، لیکن اس بارے میں یہ سائنسدان فی الحال خاموش ہیں کہ حیاتین ج سے تیار شدہ گولیوں اور دیگر مصنوعات کے کیا فوائد ہوں گے۔

حیاتین ج (وٹامن سی) ایک طاقتور مانع تکسید (اینٹی آکسیڈنٹ) ہے۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ تمام جسمانی نظام میں اہم کردار ادا کرتا ہے، مثلاً اس سے فری ریڈیکلز نامی وہ کیمیائی مادہ ختم ہوتا ہے جو ہماری شریانوں کو تنگ کر کے حملہ قلب یا بیماری کا سبب بنتا ہے۔ حیاتین ج ہارمون اور کولا جین نامی پروٹین کی کیمیائی ترکیب کے سلسلے میں بھی بہت اہم ہے۔ یہ پروٹین جسم کے اعضا کی تشکیل میں مدد دیتا ہے۔ خون میں تھکوں کو روکنے کے سلسلے میں بھی، اس حیاتین کی اہمیت مانی جاتی ہے اور نزلے زکام میں تو حیاتین ج مفید ہے ہی۔ ان سائنسدانوں نے جو سوال نامہ تیار کیا تھا، اسے تقریباً بیس ہزار مرد و خواتین رضا کاروں نے پُر کیا۔ پھر یہ دیکھا گیا کہ یہ لوگ کتنے پھل اور کتنی سبزیاں کھاتے ہیں اور اس کا ان کے خون میں حیاتین کی سطح پر کیا اثر پڑتا ہے۔ چار سال سے زیادہ عرصے ان رضا کاروں کے کوائف کا مشاہدہ جاری رہا۔ اندازہ لگایا گیا کہ جن مردوں اور عورتوں کے خون میں حیاتین ج کی سطح سب سے زیادہ تھی، وہ حملہ قلب اور فالج سے ساٹھ سے ستر فیصد کم مرے۔ سرطان کی وجہ سے اموات صرف ان مردوں میں کم ہوئیں جن کے ہاں حیاتین ج بہت زیادہ تھا۔ حیاتین ج کی وجہ سے سرطان کی مریض عورتوں کی اموات پر کوئی خاص اثر نہیں پڑا۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ حیاتین ج صرف چند قسم کے سرطانوں سے حفاظت کرتا ہے جو عام طور پر مردوں کو ہوتے ہیں، مثلاً غدۂ مثانہ (پروسٹیٹ) کا سرطان یا پھیپھڑے کا سرطان۔

2000ء میں امریکہ میں بھی حیاتین کے بارے میں ایک تحقیق ہوئی تھی جس کے نتائج کافی مختلف تھے۔ یہ تحقیق بارہ سال جاری رہی اور اس کے مطابق جن مردوں کے جسم میں حیاتین ج زیادہ پہنچا ان کی شرح اموات میں تو کمی ہوئی لیکن عورتوں کے معاملے میں فرق نہیں پڑا۔

تاہم سائنسدان اب یہی کہتے ہیں کہ اگر لوگ پھلوں اور سبزیوں میں تھوڑا سا اضافہ کریں تو ان کی شرح اموات پر اس کا کافی اچھا اثر پڑے گا۔ ان سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ ان کی تحقیق کے مطابق ایسی غذا کھانے سے جس میں حیاتین ج کی مقدار بہت ہو، مرض قلب کو فائدہ پہنچ سکتا ہے اور مختلف وجوہ کی بنا پر مردوں اور عورتوں میں ہونے والی اموات کی شرح کم ہو سکتی ہے۔ اس تحقیق نے پھلوں اور سبزیوں کے فوائد پر خوب روشنی ڈالی ہے۔ بہت سے پھلوں اور سبزیوں میں حیاتین پایا جاتا ہے۔ ان سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ روزانہ جو پھل اور سبزیاں آپ کھاتے ہیں، ان میں صرف پچاس گرام کا اضافہ بھی کر دیں تو تمام جسم پر اس کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے، لیکن سب سے اچھا اثر دل پر پڑے گا۔

اس سے قبل حیاتین ج کے بارے میں جو تحقیق ہوئی تھی، اس سے یہ تو پتہ چلا تھا کہ یہ متعدد امراض کے لئے مفید ہے، لیکن مرض قلب کے بارے میں اتنے یقین کے ساتھ کوئی بات نہیں کہی گئی تھی، جتنے یقین سے اب کہی گئی ہے۔ حیاتین ج سیب، سنگترے، چکوترے اور کیلے نیز سبز ترکاریوں میں خوب ہوتا ہے۔ **اگر دن میں پانچ بار مناسب مقدار میں پھل اور سبزیاں کھائی جائیں تو ہمارے جسم کی حیاتین ج کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ دیگر حیاتین اور معدنیات نیز ریشہ بھی حاصل ہو جاتا ہے۔**

(ہمدرد صحت جنوری 2006ء)

سیاروں کی گردش

کوپرنیکس سے صدیوں پہلے شام کے سائنسدان علاء الدین ابن شاطر نے تیرھویں صدی میں اس سائنسی مشاہدہ کا انکشاف کیا تھا کہ سورج اگرچہ آنکھوں سے اوجھل ہو جاتا ہے مگر اس کے باوجود زمین سورج کے گرد گردش کرتی ہے۔ علم ہیئت میں ابن شاطر کی متعدد دریافتوں کا سہرا مغربی سائنسدانوں کے سر باندھا جاتا ہے جیسے سیاروں کی گردش کے بارہ میں بھی سب سے پہلے دعویٰ ابن شاطر نے کیا تھا مگر اس کا کریڈٹ کیپلر کو دیا جاتا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگرکسی شخص کوان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہوتو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندراندر تحریری طور پرضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر78164میں سمیع اللہ مظفر

ولد چوہدری محمد لطیف قوم گھمن پیشہ طالب علم عمر21سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کبیروالہ ضلع خانیوال بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-11-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوارآمدکا جوبھی ہوگی 1/10حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگراس کے بعدکوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تواس کی اطلاع مجلس کارپردازکوکرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔سمیع اللہ مظفر۔گواہ شدنمبر1عتیق احمد باجوہ وصیت نمبر27488۔گواہ شدنمبر2محمد شفیق وصیت نمبر34250

مسل نمبر78165میں اصغرعلی

ولدمحمد صادق قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر34سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر170/10R ضلع خانیوال بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-12-10میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے(1)7مرلہ پلاٹ مالیتی -/75000روپے(2) بائیسکل مالیتی -/1000روپے(3) نقد رقم-/18000روپے۔اس وقت مجھے مبلغ-/6000روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوارآمدکا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگراس کے بعدکوئی جائیدادیا آمد پیدا کروں تواس کی اطلاع مجلس کارپردازکوکرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظورفرمائی جاوے۔العبد۔ اصغرعلی ۔گواہ شد نمبر 1 مبارک علی ولد محمد صدیق۔گواہ شدنمبر2محمد احمد کشمیری وصیت نمبر30781

مسل نمبر78166میں نازیہ قمر

زوجہ اصغرعلی قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر29سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر170/10R ضلع خانیوال بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-12-1میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے(1) حق مہر بذمہ خاوند-/30000روپے(2) طلائی کوکا مالیتی -/300روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/2000روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوارآمدکا جوبھی ہوگی 1/10حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگراس کے بعدکوئی جائیدادیا آمد پیدا کروں تواس کی اطلاع مجلس کارپردازکوکرتی رہوں گی۔ اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظورفرمائی جاوے۔الامتہ۔ نازیہ قمر ۔گواہ شد نمبر 1مبارک علی ولد محمد صدیق ۔گواہ شدنمبر2محمد احمد کشمیری وصیت نمبر30781

مسل نمبر78167میں شفقت احمد

ولدصلاح الدین قوم جٹ بُھٹہ پیشہ ملازمت عمر29سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر91A/10R ضلع خانیوال بقائمی ہوش وحواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ07-12-23میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ-/10000روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوارآمدکا جوبھی ہوگی 1/10حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعدکوئی جائیدادیا آمد پیدا کروں تواس کی اطلاع مجلس کارپردازکوکرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظورفرمائی جاوے۔العبد۔شفقت احمد۔گواہ شدنمبر1محمد نعیم اللہ خاں وصیت نمبر33253 گواہ شدنمبر2راجہ مبارک احمد وصیت نمبر26571

مسل نمبر78168میں نازیہ پروین

